رول نمبر: ____________

دستخط طالبہ: ______

KANZUL MADARIS BOARD

## سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ

## کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عالیہ اول | پرچہ: پہلا | مضمون: التفسیر وعلوم القرآن

تاریخ: 23-02-2023 | دن: جمعرات | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: __________ دستخط مفتشہ: ______

# حصہ اول: معروضی

# کثیر الانتخابی سوالات (MCQ’s)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: سورہ نبا میں "سَبۡعًا شِدَادًا" سے مراد ہے۔

(الف) سبع سماوات (ب) سات گھر (ج) سات ممالک (د) سات زمینیں

سوال نمبر 2: "المعصرات" سے مراد ہے۔

(الف) انگور (ب) بادل (ج) آسمان (د) ستارے

سوال نمبر 3: "الفافا" جمع ہے۔

(الف) مُلِفٌّ (ب) ملفوف (ج) لفیف (د) ملتفة

سوال نمبر 4: صور پھونکنے والے کون ہوں گے؟

(الف) حضرت جبرائیل (ب) حضرت اسرافیل (ج) حاملان عرش (د) رضوان

سوال نمبر 5: جن آیات کا مطلب عقل و فہم سے وراء ہے وہ------ کہلاتی ہیں۔

(الف) مقطعات (ب) نصوص (ج) دلیل (د) متشابہات

سوال نمبر 6: "یٰلَیۡتَنِیۡ کُنۡتُ تُرٰبًا" یہ کون کہے گا؟

(الف) کافر (ب) گنہگار لوگ (ج) منافقین (د) چوری کرنے والے

سوال نمبر 7: "یَوۡمَ تَرۡجُفُ الرَّاجِفَةُ" آیت میں الراجفة کس وقت ہوگا؟

(الف) قرب قیامت (ب) پل صراط پر (ج) نفخۂ ثانیہ کے وقت (د) نفخۂ اولیٰ کے وقت

سوال نمبر 8: "طُوًی"------ کا نام ہے۔

(الف) دریا (ب) پہاڑ (ج) وادی (د) جنگل

سوال نمبر 9: "لَعِبۡرَةً لِّمَنۡ یَّخۡشٰی" میں کس کافر کو عبرت بنانے کا ذکر ہے؟

(الف) ہامان (ب) ابوجہل (ج) فرعون (د) قارون

سوال نمبر 10: اہل کتاب قرآن کی تفسیر کے مطابق------ ہیں۔

(الف) یہودی (ب) صرف عیسائی (ج) یہودی و عیسائی (د) اہل ہنود

سوال نمبر 11: اَنۡعَام کہتے ہیں۔

(الف) بکریوں کو (ب) چوپایوں کو (ج) پرندوں کو (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر12: الذکریٰ کے معنی ہیں۔

(الف) یاد کرنا (ب) ذکر کرنا (ج) تسبیح کرنا (د) نصیحت

سوال نمبر13: "وَبُرِّزَتِ الْجَحِیْمُ"میں "برزت" کے لفظی معنی ہیں۔

(الف) چھپانا (ب) بیان کر دینا (ج) ظاہر کر دینا (د) خفیہ طور پر بتانا

سوال نمبر14: مَاْوٰی کا معنی ہے۔

(الف) لوٹنے کی جگہ (ب) ٹھکانہ (ج) گھر (د) وطن

سوال نمبر15: ایمان بنا ہے۔

(الف) یمین سے (ب) مومِنٌ سے (ج) امین سے (د) امن سے

سوال نمبر16: انسان کو پیدا کیا گیا ہے۔

(الف) نطفہ سے (ب) لوتھڑے سے (ج) ہڈی سے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17: "بِاَیْدِیْ سَفَرَۃٍ"میں "سَفَرَۃ" سے مراد کون ہے؟

(الف) سفر کرنے والے (ب) مقیم (ج) کاتب فرشتے (د) سیاح فرشتے

سوال نمبر18: یَذَّکَّرُ اصل صیغہ ہے۔

(الف) اَذَّکَّرُ (ب) یَذَّکَّرُوْنَ (ج) یَتَذَّکَّرُوْنَ (د) یَتَذَکَّرُ

سوال نمبر19: "ضاحِکَۃٌ مُسْتَبْشِرَۃ" کس کی صفت ہے؟

(الف) مومنین کی (ب) ظاہری مسلمان کی (ج) گنہگار مسلمان کی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر20: جب تقویٰ کا لفظ آگ یا گناہ کے ساتھ آئے تو اس وقت اس کے معنی ہوں گے۔

(الف) ڈرنا (ب) بچنا (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر21: "ونهي النفس عن الهوى"میں نفس سے مراد ہے۔

(الف) مطمئنہ (ب) امارہ (ج) لوامۃ (د) تینوں

سوال نمبر22: "صَبَبْنَا الماء" پانی کس سے اتارا گیا؟

(الف) آبشار سے (ب) دریاؤں سے (ج) پہاڑوں سے (د) بادلوں سے

سوال نمبر23: قیامت کے دن انسان سے بھاگیں گے۔

(الف) ماں باپ (ب) بہن (ج) اولاد (د) سب / یہ تمام

سوال نمبر24: عِنَباً کے معنی ہیں۔

(الف) گندم (ب) جو (ج) انگور (د) انار

سوال نمبر25: ضروریات دین میں کسی ایک کا انکار------ ہے۔

(الف) بد بختی (ب) گمراہی (ج) فسق (د) کفر

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عالیہ اول　　پرچہ: پہلا　　مضمون: التفسیر و علوم القرآن

تاریخ: 23-02-2023　　دن: جمعرات　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: {وَّ جَعَلْنَا الَّیْلَ لِبَاسًا وَّ جَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا} لِبَاسًا اور مَعَاشًا کی تفسیر تحریر کریں۔

سوال نمبر 2: {شِدَادًا} جمع شديدة ای قوية محكمة لا يؤثر فيها مرور الزمان۔ ترجمہ تحریر کریں

سوال نمبر 3: {یَّوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ} القرن۔ ترجمہ تحریر کرتے ہوئے بتائیں کہ "القرن" کیا ہے؟

سوال نمبر 4: {جَزَآءً وِّفَاقًا} موافقا لعملهم فلا ذنب أعظم من الكفر ولا عذاب أعظم من النار۔ کلام مفسر پر اعراب جاری کریں اور ترجمہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: عبادت کے لغوی معنی اور عبادت کی شرط تحریر کریں۔

سوال نمبر 6: "فَذُوْقُوْا" یہ کن سے اور کس وقت کہا جائے گا؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر 7: "ذٰلِكَ الْیَوْمُ الْحَقُّ" ترجمہ کیجیے نیز یہ کون سا یوم ہے اور حق کہنے کی وجہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 8: "عَذَابًا قَرِیْبًا" عذابِ آخرت کو قریب کیوں کہا گیا؟

سوال نمبر 9: {فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى} لا رب فوقی {فَاَخَذَهُ اللّٰهُ} اهلكه بالغرق۔ ترجمہ کرتے ہوئے بتائیں کہ یہ قول کس کافر کا ہے؟

سوال نمبر 10: "وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ" ترجمہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 11: "رَفَعَ سَمْكَهَا" میں سمکھا سے متعلق دو معانی جو تفسیر میں بیان ہوئے لکھیں۔

سوال نمبر 12: {یَوْمَ یَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى} فی الدنیا من خیر و شر۔ کلام مفسر پر اعراب لگائیں اور کلام الٰہی اور کلام مفسر کا ترجمہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 13: "وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ" ترجمہ تحریر کریں نیز "عشار" اور "عطلت" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 14: "وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ" اس سے کون مراد ہے؟

سوال نمبر 15: نذر کے لغوی، عرفی اور شرعی معنی تحریر کریں۔

سوال نمبر 16: {اَلْجَوَارِ الْكُنَّسِ} هي النجوم الخمسة۔ ترجمہ تحریر کرتے ہوئے ان پانچ نجوم کے نام لکھیں۔

سوال نمبر 17: "اِنَّ كِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِیْ سِجِّیْنٍ" اس آیت میں "سجین" سے متعلق دو تفسیری قول جو مفسر نے بیان فرمائے تحریر کریں۔

سوال نمبر 18: "یُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِیْقٍ مَّخْتُوْمٍ" میں "رحیق مختوم" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 19: جب وحی کی نسبت نبی کی طرف ہو اور جب وحی کی نسبت غیر نبی کی طرف ہو تو دونوں صورتوں میں کیا معنی کیے جائیں گے؟ صرف قاعدہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 20: {وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ} للكواكب اثنا عشر برجا۔ کلام مفسر پر اعراب جاری کرتے ہوئے کلام الٰہی و مفسر کا ترجمہ تحریر کریں۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: "عَبَسَ وَتَوَلّٰۤى اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى" ترجمہ کرتے ہوئے سورہ عبس کا مکمل شان نزول تحریر کریں۔

سوال نمبر 2: {اِذَا تُتْلٰى عَلَیْهِ اٰیٰتُنَا} القران {قَالَ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ} ترجمہ کرتے ہوئے اساطیر کے معنی اور اس کی واحد تحریر کریں نیز عِلِّیِّیْن کی کوئی ایک تفسیر تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: {وَاِذَا مَرُّوْا} ای المومنون {بِهِمْ یَتَغَامَزُوْنَ} ای یشیر المجرمون الی المومنین بالجفن والحاجب استهزاء۔ کلام مفسر پر اعراب جاری کرتے ہوئے کلام الٰہی و مفسر کا ترجمہ کریں نیز یتغامزون سے جو مراد ہیں ان کے نام لکھیں۔ (کسی ایک کا)

سوال نمبر 4: جب لفظ ولی رب کے مقابل آئے اور جب لفظ ولی رب کے مقابل نہ آئے دونوں صورتوں میں کیا معنی ہوں گے؟ ہر معنی پر آیت قرآنی بھی تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 5: {هَلْ اَتٰىكَ حَدِیْثُ الْغَاشِیَةِ} القيامة لانها يغشى الخلائق باهوالها {وُجُوْهٌ یَّوْمَىٕذٍ} عبر بها عن الذوات في الموضعين {خَاشِعَةٌ}۔ ترجمہ کرتے ہوئے سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ اور اَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ کے تفسیری معانی تحریر کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: ____________<br>دستخط طالبہ: ______ | **سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**<br>**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**<br>درجہ: عالیہ اول — پرچہ: دوسرا — مضمون: الحديث+الأدب العربي<br>تاریخ: 25-02-2023 — دن: ہفتہ — کل وقت: 30 منٹ — کل نمبر: 25<br>مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: ______ | KANZUL MADARIS BOARD |

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: حدیث مبارکہ میں ہے الحیاء کلہ------

(الف) صدقۃٌ (ب) جنۃٌ (ج) خیرٌ (د) نافعٌ

سوال نمبر 2: بضع------اعداد کو بولتے ہیں۔

(الف) 1 سے 10 تک (ب) 3 سے 10 تک (ج) 7 سے 10 تک (د) 10 سے اوپر کے اعداد

سوال نمبر 3: العذراء کا معنی ہے۔

(الف) شادی شدہ عورت (ب) بڑھیا عورت (ج) جوان عورت (د) کنواری عورت

سوال نمبر 4: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے قول کے مطابق وہ کون سی شخصیت ہیں جن کے چلنے کا انداز نبی کریم ﷺ کی مثل تھا۔

(الف) بی بی فاطمۃ الزہراء (ب) امام حسن (ج) امام حسین (د) حضرت علی

سوال نمبر 5: ایک روایت کے مطابق منافق کی------نشانیاں ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 6 (د) 7

سوال نمبر 6: نبی کریم ﷺ جب کلام فرماتے تو------بار دہراتے۔

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 6 (د) 1

سوال نمبر 7: ابن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے اصحاب کو ہر------وعظ فرماتے۔

(الف) دن (ب) ہفتے (ج) جمعۃ المبارک (د) جمعرات

سوال نمبر 8: اقتصاد کا معنی ہے۔

(الف) بربادی (ب) میانہ روی (ج) ارادہ کرنا (د) کمی کرنا

سوال نمبر 9: حدیث مبارکہ میں ہے آدمی کا نماز کو طویل کرنا اور خطبہ مختصر کرنا------کی علامت ہے۔

(الف) ایمان (ب) سمجھداری (ج) خوف خدا (د) نماز سے محبت

سوال نمبر 10: یَتَطَیَّرُوْن کا معنی ہے۔

(الف) پرندے اڑانا (ب) کاہنوں کے پاس جانا (ج) پرندے سے فال نکالنا (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 11: وعدہ پورا کرنا------ہے۔

(الف) ضروری (ب) مستحب (ج) اچھا عمل (د) ب اور ج دونوں

سوال نمبر 12: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی بیٹی کا نام------ہے جو نبی کریم ﷺ کے مبارک نکاح میں آئی۔

(الف) حضرت حفصہ　(ب) حضرت جویریہ　(ج) حضرت صفیہ (رضی اللہ عنہن)　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر13: نبی کریم ﷺ نے تمام ازواج کے درمیان ------ سے سرگوشی فرمائی تو وہ رونے لگی

(الف) حضرت عائشہ　(ب) حضرت حفصہ　(ج) حضرت صفیہ (رضی اللہ عنہن)　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: ایمان کا سب سے افضل شعبہ ------ ہے۔

(الف) لا الہ الا اللہ کہنا　(ب) حیاء　(ج) اِستِغفار کرنا　(د) اللہ اکبر کہنا

سوال نمبر15: ------ اس امت کی عورتوں کی سردار ہیں۔

(الف) حضرت خدیجہ　(ب) حضرت آسیہ　(ج) حضرت فاطمہ　(د) حضرت عائشہ (رضی اللہ عنہن)

سوال نمبر16: امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ کا سن ولادت ------ ہے۔

(الف) 1213ء　(ب) 1214ء　(ج) 1217ء　(د) 1219ء

سوال نمبر17: "فکیف تنکر حبا بعد ما شھدت" میں شھدت سے مراد ------ ہے۔

(الف) آنسو اور طویل بیماری　(ب) لاغری اور بیماری　(ج) کمزور دل اور بے بسی　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر18: خصماً کا معنی ہے۔

(الف) مخالف　(ب) دشمن　(ج) وفادار　(د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر19: محمد سید الکونین والثقلین　والفریقین من عرب و من عجم　میں "فریقین" سے کیا مراد ہے؟

(الف) انس و جن　(ب) عرب و عجم　(ج) دنیا و آخرت　(د) چرند و پرند

سوال نمبر20: مُلْتَبِسٌ کا معنی ہے۔

(الف) تلاش کرنا　(ب) التماس کرنا　(ج) راہ نکالنا　(د) ادب کرنا

سوال نمبر21: کلمۃ اللہ ------ کا لقب ہے۔

(الف) حضرت آدم علیہ السلام　(ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام　(ج) حضرت جبرائیل علیہ السلام　(د) حضرت عیسی علیہ السلام

سوال نمبر22: نبی کریم ﷺ تروتازگی میں شگوفہ اور بلندی میں ------ کی مانند ہیں۔

(الف) پہاڑ　(ب) زمانہ　(ج) ماہِ تمام　(د) آسمان

سوال نمبر23: دعا الی اللہ فالمستمسکون بہ　مستمسکون بحبل غیر منفصم　میں "حبل" سے مراد ہیں۔

(الف) سرکار ﷺ　(ب) قرآن کریم　(ج) حدیث رسول　(د) الف اور ب دونوں

سوال نمبر24: مُنَزَّہٌ کا معنی ہے۔

(الف) پاک　(ب) محاسن　(ج) خوبیاں　(د) جوہر حسن

سوال نمبر25: آپ ﷺ کی ولادت کا دن ایسا تھا کہ ------ نے پہچان لیا کہ وہ عذاب و عقوبت سے ڈرائے گئے ہیں۔

(الف) اہل شام　(ب) رومیوں　(ج) اہل عرب　(د) اہل فارس

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**<br>**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**<br>درجہ: عالیہ اول — پرچہ: دوسرا — مضمون: الحدیث+الأدب العربي<br>تاریخ: 25-02-2023 — دن: ہفتہ — کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ — کل نمبر: 75 | رول نمبر: ____________<br>جوابی کاپی نمبر: ____________ |

# حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: حیاء کی حقیقت کیا ہے؟

سوال نمبر 2: "آیۃ المنافق ثلاث" منافق کی نشانیاں بیان فرمائیں۔

سوال نمبر 3: غلیظ القلب اور تأھمت سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 4: "اُدۡعُ اِلٰی سَبِیۡلِ رَبِّکَ بِالۡحِکۡمَۃِ وَ الۡمَوۡعِظَۃِ الۡحَسَنَۃِ" ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 5: نبی کریم ﷺ کا گفتگو فرمانے کا انداز کیسا تھا؟

سوال نمبر 6: حدیث مبارکہ میں ایمان کا سب سے ادنیٰ شعبہ کسے قرار دیا گیا؟

سوال نمبر 7: جائزہ اور ضیافت میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 8: "أنَّ رسول الله ﷺ بَشَّرَ خَدِيجَةَ بِبَيۡتٍ فِي الجنَّة مِنۡ قَصَبٍ لاَ صَخَبَ فِيهِ ولاَ نَصَبَ"

عبارت میں مذکور الفاظ قصب، لاصخب، لانصب سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 9: قال: "وعظنا رسول الله ﷺ موعظة وجلت منها القلوب و ذرفت منها العيون" اعراب سے مزین فرمائیں۔

سوال نمبر 10: جب نبی کریم ﷺ بئر اریس کے منڈیر پر تشریف فرما تھے تو کون سے صحابی آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور منڈیر پر آپ ﷺ کے ساتھ بیٹھ گئے؟

سوال نمبر 11: جب نبی کریم ﷺ کسی لشکر کو روانہ فرماتے تو کن الفاظ کے ساتھ روانہ فرماتے؟

سوال نمبر 12: نبی کریم ﷺ جب مکہ مکرمہ میں داخل ہوتے تو کس راستے سے داخل ہوتے؟

سوال نمبر 13: قصیدہ بردہ شریف کے مصنف علیہ الرحمۃ کا نام و کنیت کیا ہے؟

سوال نمبر 14: "ولا أرقت لذكر البان و العلم" اس عبارت میں بان اور علم سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 15: "لَوۡ كُنۡتُ أَعۡلَمُ اَنِّيۡ مَا اُوَقِّرُهُ كَتَمۡتُ سِرًّا بَدَا لِيۡ مِنۡهُ بِالۡكَتَمِ" تین لائنوں پر مشتمل وضاحت بیان کریں۔

سوال نمبر 16: "هُوَ الۡحَبِيۡبُ الَّذِيۡ تُرۡجٰى شَفَاعَتُهٗ لِكُلِّ هَوۡلٍ مِنَ الۡاَهۡوَالِ مُقۡتَحِمِ" اس شعر کا ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 17: دریائے ساوہ کون سا دریا ہے نیز اس کے خشک ہونے کی کیا وجہ تھی؟

سوال نمبر 18: "وَاَحۡيَتِ السَّنَةَ الشَّهۡبَاءَ دَعۡوَتُهٗ حَتّٰى حَكَتۡ غُرَّةً فِي الۡاَعۡصُرِ الدُّهُمِ" اس شعر میں نبی کریم ﷺ کے کس معجزہ کی طرف اشارہ ہے؟

سوال نمبر 19: "فَلَا تُعَدُّ وَلَا تُحۡصٰى عَجَائِبُهَا" تحصیٰ کی صرفی تحقیق کریں۔

سوال نمبر 20: نبی کریم ﷺ پر وحی کی ابتداء کیسے ہوئی؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: قال لي رسول الله لا تحقرن من المعروف شيئا ولو أن تلقى أخاك بوجه طليق

عبارت پر اعراب لگاتے ہوئے بتائیں کہ "بوجہ طلیق" سے کیا مراد ہے نیز حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو ہر روز وعظ کرنے سے کیا چیز مانع تھی؟

سوال نمبر 2: قال: "اَيُّهَا النَّاس عليكم بالسَّكِينَةِ فَاِنَّ الۡبِرَّ لَيۡسَ بِالۡاِيۡضَاعِ"

ترجمہ کرتے ہوئے اس جملے "فان البر ليس بالايضاع" کی مختصر وضاحت کریں نیز مہمان نوازی کی فضیلت سے متعلق کوئی ایک حدیث اردو میں لکھیں۔

سوال نمبر 3: قَامَ رَسُوۡلُ اللهِ فِيۡنَا خَطِيۡبًا فَحَمِدَ اللهَ وَاَثۡنٰى عَلَيۡهِ وَوَعَظَ وَذَكَّرَ ثُمَّ قَالَ: "اَمَّا بَعۡدُ اَلَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ يُوۡشِكُ اَنۡ يَاۡتِيَ رَسُوۡلُ رَبِّيۡ فَاُجِيۡبَ وانا تارك فيكم ثقلين" ترجمہ کرتے ہوئے "رسول ربی" اور "ثقلین" کا مرادی معنی بیان کریں نیز "اثنی" کی صرفی تحقیق کریں۔

سوال نمبر 4: قصیدہ بردہ شریف کی وجہ تسمیہ بیان کرتے ہوئے بتائیں کہ قصیدہ بردہ شریف میں کتنے اشعار ہیں؟ نیز علم غیب مصطفیٰ ﷺ سے متعلق کوئی 2 دلائل قرآن و سنت کی روشنی میں بیان کریں۔

سوال نمبر 5: سَرَيۡتَ مِنۡ حَرَمٍ لَيۡلًا اِلٰى حَرَمٍ كَمَا سَرَى الۡبَدۡرُ فِيۡ دَاجٍ مِنَ الظُّلَمِ

ترجمہ کرتے ہوئے بتائیں کہ نبی کریم ﷺ نے سفر معراج کون کونسی سواریوں پر فرمایا؟ نیز بتائیں کہ نبی کریم ﷺ نے کس غزوہ میں کفار کے مرنے کی جگہ کی نشاندہی فرمائی؟

رول نمبر: ____________

دستخط طالبہ: ______

**سالانہ امتحان2023ء/1444ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عالیہ اول** | پرچہ: **تیسرا** | مضمون: **الفقہ**

تاریخ: **27-02-2023** | دن: **پیر** | کل وقت: **30منٹ** | کل نمبر: **25**

مرکزامتحان: ____________ دستخط نگران مرکزامتحان: ____________ دستخط ممتحن: ______

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ اول: معروضی

## کثیرالانتخابی سوالات(MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25x1=25)**

سوال نمبر1: ------پر ثمن پر کھنے والے کی مزدوری ہے۔

(الف) مشتری (ب) بائع (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر2: تین دن سے زیادہ خیار شرط ------کے نزدیک جائز نہیں۔

(الف) صاحبین (ب) امام اعظم (ج) اماابویوسف (د) امام محمد

سوال نمبر3: جن سکوں کا بازار میں چلن بند ہو چکا ہوان کو------کہتے ہیں۔

(الف) نافقہ (ب) کاسدہ (ج) فلوس (د) نافقہ وکاسدہ

سوال نمبر4: اجارہ اس وقت درست ہے جب------معلوم ہو۔

(الف) عقد (ب) اُجرت (ج) منافع (د) منافع واجرت

سوال نمبر5: نابینا کا زمین کی بیع میں خیار رؤیت ------سے باطل ہوگا۔

(الف) ٹٹولنے (ب) سونگھنے (ج) چلنے (د) اوصاف معلوم کرنے

سوال نمبر6: کرایہ دار یا مالک میں سے کوئی فوت ہو گیا تو اجارہ------ہو گیا۔

(الف) لازم (ب) فسخ (ج) تام (د) ناقص

سوال نمبر7: مبیع میں عیب سے مراد وہ ہے جس سے تاجروں کے عرف میں ------میں کمی ہو۔

(الف) قیمت (ب) خوبصورتی (ج) بناوٹ (د) چلن

سوال نمبر8: مطلق ثمن------معلوم ہونے کی صورت میں درست ہے۔

(الف) رواج (ب) مقدار وصفت (ج) قیمت (د) مالیت

سوال نمبر9: گھروں اور دکانوں کو کرایہ پر لینا------ہے۔

(الف) مکروہ (ب) جائز (ج) ناجائز (د) حرام

سوال نمبر10: مختلف گوشتوں میں بعض کو بعض کے عوض کمی وبیشی کے ساتھ فروخت کرنا------ہے۔

(الف) جائز (ب) حرام (ج) مکروہ (د) سود

سوال نمبر11: خیارِ شرط مخیّر کی وفات سے------ہو جاتا ہے۔

(الف) باطل (ب) تام (ج) ورثاء کی طرف منتقل (د) ناقص

سوال نمبر12: ------امام اعظم کے نزدیک کرایہ پر دینا جائز نہیں ہے۔

(الف) زمین برائے کھیتی (ب) مشترک چیز (ج) دکان (د) گھر

سوال نمبر 13: جب عوضین میں سے ایک یا دونوں چیزیں حرام ہو تو یہ بیع ------ ہے۔

(الف) مرابحہ (ب) تولیہ (ج) الصرف (د) فاسد

سوال نمبر 14: غلام کو خرید کر قتل کر دینے کے بعد عیب پر مطلع ہونے سے ------ کر سکتے ہیں۔

(الف) فسخ اجارہ (ب) رجوع نہیں (ج) رجوع (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 15: مشترک چیز جو قابل تقسیم ہو اسکا وقف ------ کے نزدیک جائز ہے۔

(الف) شیخین (ب) امام ابو یوسف (ج) امام محمد (د) طرفین

سوال نمبر 16: بیع اقالہ بائع و مشتری کے لیے ------ کے ساتھ جائز ہے۔

(الف) ثمن اول (ب) ثمن اول سے کچھ کم (ج) ثمن اول سے کچھ زائد (د) دگنے ثمن

سوال نمبر 17: السویق عربی میں ------ کو کہتے ہیں۔

(الف) گندم (ب) آٹے (ج) بازار (د) ستّو

سوال نمبر 18: اذان جمعہ کے بعد ایسی بیع جو جمعہ کی طرف جانے سے مانع ہو ------ ہے۔

(الف) جائز (ب) مکروہ (ج) حرام (د) خلاف اولیٰ

سوال نمبر 19: بیع کے ------ ارکان ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 6

سوال نمبر 20: مبیع کا کچھ حصہ ہلاک ہونے پر باقی حصہ میں بیع اقالہ ------ ہے۔

(الف) ناجائز (ب) جائز (ج) مکروہ (د) مستحب

سوال نمبر 21: جو شخص کسی ادارے کا مخصوص اوقات میں ملازم ہو وہ ------ کہلاتا ہے۔

(الف) اجیر مستقل (ب) اجیر مشترک (ج) اجیر عام (د) اجیر خاص

سوال نمبر 22: بائع کا خیار ------ کو بائع کی ملکیت سے نکلنے سے روکتا ہے۔

(الف) مبیع (ب) ثمن (ج) قبضہ (د) قیمت

سوال نمبر 23: بیع فاسد پر قبضہ کرنے کے بعد ------ حاصل ہو جاتی ہے۔

(الف) اختیار فسخ (ب) ملکیت (ج) مبیع کا ثمن (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 24: اجارہ فاسدہ میں ------ اجرت جائز ہے۔

(الف) مقرر کردہ (ب) مقرر کردہ سے کچھ زائد (ج) مثلی (د) ب اور ج

سوال نمبر 25: غیر منقولہ جائیداد میں قبضہ سے پہلے فروخت کرنا ------ کے نزدیک جائز ہے۔

(الف) احناف (ب) شیخین (ج) صاحبین (د) طرفین

رول نمبر: ________________

جوابی کاپی نمبر: ______________

سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عالیہ اول　　پرچہ: تیسرا　　مضمون: الفقہ

تاریخ: 27-02-2023　　دن: پیر　　کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　کل نمبر: 75

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: ثمن اور قیمت کی تعریفات تحریر کریں۔

سوال نمبر 2: خیار شرط کی وضاحت کرتے ہوئے بتائیں کہ یہ خیار کس کو حاصل ہے؟

سوال نمبر 3: الفاظ کنایہ سے طلاق کے وقوع کی شرائط لکھیں۔

سوال نمبر 4: ہوا میں اڑتے ہوئے پرندے کی بیع کا حکم تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: ربا کا لغوی واصطلاحی معنی تحریر کریں۔

سوال نمبر 6: جانور کو کرایہ پر لیا پھر اسکی لگام کھینچی اور جانور ہلاک ہو گیا تو کس پر ضمان ہو گا

سوال نمبر 7: اذا کَانَ اَحَدُ الْعِوَضَیْنِ او کِلَاھُمَا مُحَرَّماً فَالْبَیْعُ فَاسِدٌ۔ اعراب لگائیں نیز خط کشیدہ کی وجوہ اعراب بیان کریں۔

سوال نمبر 8: اجیر مشترک کی تعریف تحریر کریں۔

سوال نمبر 9: مبیع دیکھے بغیر اسکی بیع کرنا کیسا؟

سوال نمبر 10: وقف مکمل ہونے کی شرائط تحریر کریں۔

سوال نمبر 11: ولی باکرہ سے نکاح کی اجازت طلب کرے تو اسکی جانب سے کون سے امور اجازت شمار ہوں گے؟

سوال نمبر 12: "ولایجوز البیع بالقاء الحجر والملامسة والمنابذة" مختصر وضاحت کریں۔

سوال نمبر 13: خیارِ بلوغ کی تعریف تحریر کریں۔

سوال نمبر 14: نکاح شغار کی تعریف اور عندالاحناف اسکا مختصرا حکم تحریر کریں۔

سوال نمبر 15: بچے، مجنون اور نائم کی طلاق کے وقوع کا حکم تحریر کریں۔

سوال نمبر 16: عورت کو شوہر کے طلاق دینے یا وفات پانے کا علم نہ ہوا اور عدت کی مدت مکمل ہو گئ تو معلوم ہونے پر عورت وہ عدت گزارے گی؟

سوال نمبر 17: معتدہ، مبتوتہ اور متوفی عنہا زوجہا سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 18: کس زوجہ کا نفقہ شوہر پر لازم ہے؟

سوال نمبر 19: رجعت وخلع کی تعریفات قلمبند کریں۔

سوال نمبر 20: حالت حیض میں طلاق کا حکم تحریر کریں۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: بیع فاسد وبیع باطل میں فرق تحریر کرتے ہوئے بیع فاسد کی 5 صورتیں تحریر کریں۔

سوال نمبر 2: وقف کا لغوی واصطلاحی معنی بیان کرتے ہوئے بتائیں کہ کیا واقف وقف کرتے وقت اسکی کل یا بعض آمدنی کو اپنے لیے مقرر کر سکتا ہے؟ اختلاف ائمہ قدوری شریف کی روشنی میں واضح کریں۔

سوال نمبر 3: حرمت رضاعت پر ایک حدیث مبارکہ نقل کرتے ہوئے بتائیں کہ حرمت رضاعت کے اثبات کے لیے بچہ کی عمر اور دودھ کی مقدار کتنی ہونی چاہیے؟ اختلاف ائمہ کے ساتھ وضاحت کریں۔

سوال نمبر 4: طلاق کا لغوی واصطلاحی معنی بیان کریں نیز طلاق دینے کے اعتبار سے طلاق کی اقسام وطلاق کی تعریفات مفصّل وجامع تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: ظہار کی تعریف کرتے ہوئے ظہار کا حکم اور ظہار کا کفارہ مفصّل تحریر کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**<br>**کنز المدارس بورڈ پاکستان** | رول نمبر: ____________ |
| درجہ: **عالیہ اول** | پرچہ: **چوتھا** | مضمون: **علوم الفقہ** |
| تاریخ: **28-02-2023** دن: **منگل** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25** |
| مرکز امتحان: ____________ | دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ | دستخط ممتحن: ______ دستخط طالبہ: ____________ |

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: اصل کا معنی ہے.

(الف) ماینبتنی لہ غیرہ (ب) ماینبتنی فیہ غیرہ (ج) ماینبتنی بہ غیرہ (د) ماینبتنی علیہ غیرہ

سوال نمبر 2: خاص کی اقسام ہیں.

(الف) مخصوص، غیر مخصوص (ب) ان میں سے کوئی نہیں (ج) خاص الفرد، خاص الجنس (د) خاص الفرد، خاص الجنس، خاص النوع

سوال نمبر 3: "فَتَحۡرِیۡرُ رَقَبَةٍ مُّؤۡمِنَةٍ" یہ کفارہ ہے۔

(الف) قسم کا (ب) ظہار کا (ج) قصاص کا (د) قتل کا

سوال نمبر 4: اگر کوئی آزاد عورت کسی مرد سے کہے کہ میں نے اپنا آپ تجھے بیچا تو اس سے مراد ہو گا۔

(الف) ہبہ کرنا (ب) بیع کرنا (ج) غلام بنانا (د) نکاح کرنا

سوال نمبر 5: "حُرِّمَتۡ عَلَیۡكُمۡ أُمَّهَٰتُكُمۡ" میں نکاحھن کے الفاظ ------ سے محذوف کہلائیں گے۔

(الف) دلالت النص (ب) عبارۃ النص (ج) اشارۃ النص (د) اقتضاء النص

سوال نمبر 6: مقید بالوقت کی مثالیں ہیں۔

(الف) فرض نمازیں (ب) قرآن پاک کی تلاوت (ج) نوافل نماز (د) نفل روزے

سوال نمبر 7: ادائیگی کے اعتبار سے مأمور بہ کی اقسام ہیں۔

(الف) ادائے کامل، قاصر (ب) حسن لذاتہ، لغیرہ (ج) اداء، قضاء (د) مطلق عن الوقت، مقید بالوقت

سوال نمبر 8: اگر مجاز متعارف نہ ہو بالاتفاق ------ عمل کرنا اولی ہو گا۔

(الف) عرف پر (ب) دلالت نفس پر (ج) دلالت متکلم پر (د) حقیقت پر

سوال نمبر 9: نیت یا دلالت حال پائے جانے کے وقت کنایہ کا حکم ------ ہوتا ہے۔

(الف) ساقط (ب) ثابت (ج) پوشیدہ (د) ظاہر

سوال نمبر 10: نیت اور تاویل کا اعتبار نہیں ہوتا۔

(الف) مجاز میں (ب) کنایہ میں (ج) حقیقت میں (د) صریح میں

سوال نمبر 11: لِکِنَّ اور لِکِنۡ مشترک ہیں۔

(الف) نفی واثبات میں (ب) استدراک میں (ج) امتداد میں (د) استیناف میں

سوال نمبر 12: "اشتریت ھذا المکان الی ھذا الحائط" اس مثال میں "ھذا الحائط"

(الف) بیع میں داخل ہے　　(ب) بیع میں داخل نہیں ہے　　(ج) حکم سے مؤخر　　(د) نیت کے ساتھ مقید ہو گی

سوال نمبر 13: "تزوجت فلانۃ شھرا بکذا" اس مثال میں شھراً کس پر دلالت کرے گا؟

(الف) کلام کے محکم ہونے پر　　(ب) کلام کے مفسر ہونے پر　　(ج) کلام کے ظاہر ہرنے پر　　(د) کلام کے نص ہونے پر

سوال نمبر 14: وہ لفظ جس کی مراد پوشیدہ ہو وہ ------ کہلاتا ہے۔

(الف) خفی　　(ب) مجاز　　(ج) کنایہ　　(د) مشکل

سوال نمبر 15: ادلّہ سے مراد ہے۔

(الف) قرآن، حدیث　　(ب) قرآن، قیاس　　(ج) قرآن، اجماع　　(د) قرآن، حدیث، اجماع، قیاس

سوال نمبر 16: استدلال واستنباط کے اعتبار سے قرآن پاک کے کلمات کو تقسیم کیا گیا ہے۔

(الف) 3 اقسام پر　　(ب) 4 اقسام پر　　(ج) 5 اقسام پر　　(د) 6 اقسام پر

سوال نمبر 17: خاص الجنس کی مثال ہے۔

(الف) زیدٌ　　(ب) الانسان　　(ج) الرجل　　(د) الامراۃ

سوال نمبر 18: من شاء من عبیدی العتق فھو حر میں کلمہ مَنْ ------ ہے۔

(الف) حرفِ جر　　(ب) خاص　　(ج) عام　　(د) مقیّد

سوال نمبر 19: وہ کلام جسے سنتے ہی اس کی مراد بغیر کسی تامل کے سامع پر واضح ہو جائے۔

(الف) مفسر　　(ب) نص　　(ج) ظاہر　　(د) محکم

سوال نمبر 20: عبارت النص قطعیت کا فائدہ دیتی ہے جبکہ ------ سے خالی ہو۔

(الف) اشارے　　(ب) عوارض　　(ج) اقتضاء　　(د) دلالت

سوال نمبر 21: احناف کے نزدیک دلالۃ النص ------ سے قوی ہے۔

(الف) محض نص　　(ب) عبارۃ النص　　(ج) اقتضاء النص　　(د) اشارۃ النص

سوال نمبر 22: وہ امر جس پر قرینہ یا دلیل سے یہ معلوم نہ ہو کہ اس پر عمل کرنا ضروری ہے یا نہیں وہ کہلائے گا۔

(الف) امر مطلق　　(ب) امر　　(ج) مامور بہ مقید بالوقت　　(د) مطلق عن الوقت

سوال نمبر 23: وہ افعال جن کی معرفت کا دار ومدار حس پر موقوف ہو نہ کہ شریعت پر۔

(الف) تصرفات شرعیہ سے نہی　　(ب) افعال حسیہ سے نہی　　(ج) قضائے قاصر　　(د) ادائے قاصر

سوال نمبر 24: "وَامۡسَحُوۡا بِرُءُوۡسِكُمۡ وَاَرۡجُلَكُمۡ اِلَى الۡكَعۡبَيۡنِ" میں ارجلکم پر نصب ------ پر محمول کیا جائے گا۔

(الف) موزے پہننے کی صورت　　(ب) موزے نہ پہننے کی صورت　　(ج) دونوں صورتوں　　(د) دونوں صورتوں پر محمول نہ ہو گا

سوال نمبر 25: "اَدِّ اِلَیَّ اَلْفاً فانت حرٌّ" میں فاء کس معنی میں ہے؟

(الف) تعقیب مع الوصل　　(ب) مطلقا جمع　　(ج) حال کے معنی میں　　(د) بیان علت کے لیے

رول نمبر: ____________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنز المدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عالیہ اول** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **علوم الفقہ**

تاریخ: **28-02-2023** دن: **منگل** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: لفظ خاص کی تعریف اور مثال تحریر کریں۔

سوال نمبر 2: حقیقت متعذرہ اور مہجورہ کا حکم تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: مأمور بہ کی اقسام کی تعریفات باعتبار وقت تحریر کریں۔

سوال نمبر 4: مثل شرعی کی مثال اور تعریف تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: افعال حسیہ سے نہی اور تصرفات شرعیہ میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 6: ظاہر اور نص میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 7: "حَتّٰی" لامِ کَیْ کے معنی میں کس صورت میں ہو گا؟

سوال نمبر 8: حرف علیٰ کتنی طرح سے استعمال ہوتا ہے؟

سوال نمبر 9: اجماع مذہبی کی اقسام کے نام تحریر کریں۔

سوال نمبر 10: اجماع کی لغوی اور اصطلاحی تعریف بیان کریں۔

سوال نمبر 11: ادائیگی کے اعتبار سے مأمور بہ کی اقسام اور تعریفات مع امثلہ بیان کریں۔

سوال نمبر 12: طریقہ استدلال کے اعتبار سے قرآنی آیات والفاظ کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟

سوال نمبر 13: "انما تعتبر العادۃ اذا اطردت او غلبت" اس قاعدے کو ترجمہ، وضاحت اور مثال کے ساتھ ذکر کریں۔

سوال نمبر 14: قیاس کی لغوی اور اصطلاحی تعریف بیان کریں۔

سوال نمبر 15: عدم القائل بالفصل کی اقسام بیان کریں۔

سوال نمبر 16: "سعی الی الجمعۃ" مامور بہ کی کونسی قسم کہلائے گی؟ وضاحت کریں۔

سوال نمبر 17: "تصرفات شرعیہ سے نہی" اس سے کیا مراد ہے؟ مثال و حکم بھی تحریر کریں۔

سوال نمبر 18: خبر واحد پر عمل کی شرائط کونسی ہیں؟

سوال نمبر 19: سبب وعلت میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 20: عبادات شرعیہ کی اقسام کتنی اور کونسی ہیں؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: (الف) استدلال واستنباط کے اعتبار سے قرآن پاک کے کلمات کی تقسیمات کتنی طرح سے کی گئیں ہیں؟ تمام اقسام کے نام ذکر کریں۔
(ب): لفظ عام کی اقسام مع تعریفات واحکام وامثلہ بیان کریں۔

سوال نمبر 2: متعلقات نصوص سے کیا مراد ہے؟ تعداد اور انکی وضاحت تفصیلاً تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: (الف) تعدی حکم کے اعتبار سے اقسام مع احکام وامثلہ بیان کریں۔
(ب): حرف أو اور حرف بل کا استعمال تحریر کریں۔

سوال نمبر 4: (الف) خبر واحد کن مقامات پر حجت ہوتی ہے؟
(ب): علم واجتہاد کے اعتبار سے راوی کی اقسام تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: اجماع سندی کی اقسام تفصیلاً تحریر کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOAR | **سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**<br>**کنز المدارس بورڈ پاکستان**<br>درجہ: **عالیہ اول** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **الآداب الإسلامية**<br>تاریخ: **01-03-2023** دن: **بدھ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**<br>مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط ممتحن: ______ | رول نمبر: ____________<br>دستخط طالبہ: __________ |

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: اللہ عزوجل اس قوم کی دعا قبول نہیں فرماتا جن کی عورتیں پہنتی ہوں۔

(الف) زیور (ب) جھانجھن (ج) چوڑیاں (د) کنگن

سوال نمبر 2: جاہلیت اولیٰ کا زمانہ ہے۔

(الف) 1272 (ب) 1292 (ج) 1372 (د) 1190

سوال نمبر 3: پردے کے بارے میں سوال جواب کتاب کے مصنف ہیں۔

(الف) امام احمد رضا (ب) مولانا الیاس قادری (ج) مفتی قاسم (د) مفتی احمد یار خاں

سوال نمبر 4: ناف کے عین نیچے سے لیکر گھٹنوں تک ستر ہے۔

(الف) عورت کا (ب) بچے کا (ج) لونڈی کا (د) مرد کا

سوال نمبر 5: حضرت سیدنا نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی امی جان کے ------ ہاتھ میں لے کر عرض کی۔

(الف) دامن کے دھاگے (ب) پردے کا دھاگہ (ج) دوپٹے کے دھاگے (د) چادر کے دھاگے

سوال نمبر 6: عورت کا ہر اجنبی ------ سے پردہ ہے۔

(الف) بالغ مرد (ب) بالغ عورت (ج) بچے (د) تینوں

سوال نمبر 7: محارم میں افراد داخل ہیں۔

(الف) تین قسم کے (ب) ایک قسم کے (ج) پانچ قسم کے (د) گیارہ قسم کے

سوال نمبر 8: سسرالی رشتے قائم ہوتے ہیں۔

(الف) رضاعت سے (ب) مصاہرت سے (ج) نسب سے (د) حسب سے

سوال نمبر 9: نسبی محارم میں افراد شامل ہیں۔

(الف) 5 قسم کے (ب) 3 قسم کے (ج) 2 قسم کے (د) 4 قسم کے

سوال نمبر 10: حدیث مبارکہ میں فرمایا گیا کہ ------ موت ہے۔

(الف) دیور/ جیٹھ (ب) پوپھا (ج) بہنوئی (د) خالو

سوال نمبر 11: ------ نے حضرت آسیہ کو دھوپ میں لکڑی کے تختے پر لٹا کر چومیخا۔

(الف) ابو جہل نے (ب) ہامان نے (ج) فرعون نے (د) نمرود نے

سوال نمبر 12: مُراہق کی عمر ہے۔

(الف) 12 سال کے بعد (ب) 10 سال کے بعد (ج) 7 سال کے بعد (د) 13 سال کے بعد

سوال نمبر13 : نماز نہ پڑھنے، غیبت و چغلی کرنے، ماں باپ کو ستانے والی کہلاتی ہے۔

(الف) فاسقہ (ب) فاجرہ (ج) دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14 : ام المؤمنین ------ سے جب نفلی حج کے لیے عرض کیا گیا تو فرمایا کہ میں فرض حج کر چکی ہوں۔

(الف) حضرت عائشہ (ب) حضرت ام حبیبہ (ج) حضرت سودہ (د) حضرت زینب

سوال نمبر15 : شیطان کے پاس مردوں کو برباد کرنے کے لیے سب سے بُرا اور بڑا ہتھیار ------ ہے۔

(الف) کھانا (ب) عورتیں (ج) ناچ گانا (د) نیند

سوال نمبر16 : ایسی عورت پر جنت کی خوشبو حرام ہے۔

(الف) جو زیادہ خرچہ مانگے (ب) جو شوہر سے طلاق مانگے (ج) جو بغیر اجازت گھر سے جائے (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17 : عورت پر سب سے زیادہ حق ہے۔

(الف) باپ کا (ب) دادا کا (ج) شوہر کا (د) بیٹے کا

سوال نمبر18 : عوت پیدا کی گئی ہے ------ وہ تیرے لیے کبھی سیدھی نہیں ہو سکتی۔

(الف) پسلی سے (ب) مٹی سے (ج) ہڈی سے (د) ریڑھ کی ہڈی سے

سوال نمبر19 : سات مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ گما ہوا آدمی یا چیز مل جائے گی۔

(الف) سورۃ الفاتحہ (ب) سورۃ البینۃ (ج) سورۃ الفجر (د) سورۃ الضحیٰ

سوال نمبر20 : ایک آدمی کی بیوی نے کھانے میں زیادہ ڈال دیا۔

(الف) پانی (ب) مصالحہ (ج) گھی (د) نمک

سوال نمبر21 : عورت ملازمت کر سکتی ہے ------ شرائط کے ساتھ۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر22 : محترمہ سیدتنا ام الخیر فاطمہ رحمۃ اللہ علیھا والدہ محترمہ تھیں۔

(الف) غوث پاک کی (ب) حسنین کریمین کی (ج) بابا فرید کی (د) داتا صاحب کی

سوال نمبر23 : جو شخص کسی مؤمن کے دل میں خوشی پیدا کرے اللہ تعالیٰ اس خوشی سے پیدا فرماتا ہے۔

(الف) جنت میں ایک درخت (ب) ایک فرشتہ (ج) ایک نیکی (د) ایک جنتی پھل

سوال نمبر24 : عورت کا اجنبی مرد کے طرف نظر کرنے کا وہ ہی حکم ہے جو ------ کی طرف کرنے کا ہے۔

(الف) مرد کا مرد (ب) مرد کا عورت (ج) مرد کا ماں (د) عورت کا شوہر

سوال نمبر25 : مرد کے لیے عورت کا ستر دیکھنے کی صورتیں ہیں۔

(الف) کوئی نہیں (ب) 2 (ج) 1 (د) 3

## حصہ انشائیہ

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: عورت کے لغوی معنی کیا ہیں؟

سوال نمبر 2: جھانجھن سے مراد کونسا زیور ہے؟

سوال نمبر 3: ستر کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 4: دیّوث کی تعریف تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: لڑکی کب بالغہ ہوتی ہے؟

سوال نمبر 6: کیا استاد سے بھی پردہ ہے؟

سوال نمبر 7: کیا عورت اپنے پیر صاحب کا ہاتھ چوم سکتی ہے؟

سوال نمبر 8: محارم کی اقسام تحریر کریں۔

سوال نمبر 9: اگر عورت کو اسکے ماں باپ یا شوہر علم دین سے روکتے ہوں تو وہ کیا کرے؟

سوال نمبر 10: کسی کا بچہ گود لے سکتے ہیں یا نہیں؟

سوال نمبر 11: شوہر کا حق زیادہ ہے یا ماں باپ کا؟

سوال نمبر 12: کیا ائیر ہوسٹس کی نوکری جائز ہے؟

سوال نمبر 13: تین دن کی مسافت سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 14: ظاهر الرواية اصطلاح کی وضاحت کریں۔

سوال نمبر 15: کیا مرد نرس سے انجکشن لگوا سکتا ہے؟

سوال نمبر 16: مخلوط تعلیم کے بارے میں کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 17: برقع کیسا ہونا چاہیے؟

سوال نمبر 18: مخنَّث کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 19: جان بوجھ کر کسی کے گھر جھانکنا کیسا؟

سوال نمبر 20: ولی کسے کہتے ہیں؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: کیا عورت ملازمت کر سکتی ہے؟ وضاحت کریں۔

سوال نمبر 2: کفو کسے کہتے ہیں؟ نیز سیدہ کا غیر سید سے نکاح کرنے سے نکاح منعقد ہو جائے گا یا نہیں؟

سوال نمبر 3: نسبی محارم میں کون کونسے افراد داخل ہیں؟ نیز کیا منہ بولے بہن بھائی کا پردہ ہے؟

سوال نمبر 4: عورت قبرستان یا مزارات اولیاء یا روضہ رسول ﷺ پر حاضری کے لیے جا سکتی ہیں یا نہیں؟ بالدلیل تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: عورت کا بلند آواز سے نعتیں پڑھنا، خوشبو لگانا، دکھاوے کے لیے زیور پہننا، عامل مرد کے پاس جانا اور پرکشش برقع پہننا کیسا ہے؟ وضاحت کریں۔

رول نمبر: ____________

دستخط طالبہ: __________

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنز المدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عالیہ اول** | پرچہ: **چھٹا** | مضمون: **المنطق**

تاریخ: **02-03-2023** | دن: **جمعرات** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ___________ دستخط نگران مرکز امتحان: __________ دستخط مفتشہ: _____

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: قوت دراکہ اور قوت مدرکہ ------ کا دوسرا نام ہے۔

(الف) آنکھ　(ب) ذہن　(ج) دل　(د) کان

سوال نمبر 2: زمین ساکن ہے اس قضیہ میں کونسی نسبت ہے؟

(الف) نسبت تامہ　(ب) نسبت انشائیہ　(ج) نسبت سلبیہ　(د) نسبت ناقصہ

سوال نمبر 3: چہرے کی سرخی دلالت ہے۔

(الف) دلالت لفظیہ طبعیہ　(ب) دلالت وضعیہ غیر لفظیہ　(ج) دلالت عقلیہ غیر لفظیہ　(د) دلالت طبعیہ غیر لفظیہ

سوال نمبر 4: طول، عرض، عمق کو ------ کہتے ہیں۔

(الف) جوہر　(ب) جسم　(ج) ابعاد ثلاثہ　(د) کلی

سوال نمبر 5: بعض مفہوم کلی نہیں ہیں۔

(الف) مادہ اجتماع　(ب) مادہ افتراق　(ج) عموم خصوص مطلق　(د) عموم خصوص من وجہ

سوال نمبر 6: جوہر کسے کہتے ہیں؟

(الف) درازی اور پھیلاؤ کو　(ب) جسم مجرد عن النحو کو　(ج) قائم بنفسہ کو　(د) قابل ابعاد ثلاثہ کو

سوال نمبر 7: انسان کے اعضائے اجمالی ہیں۔

(الف) ناطق، متحرک بالارادہ　(ب) حیوان، ناطق　(ج) ناطق، جسم نامی　(د) حیوان، حساس

سوال نمبر 8: نفس ناطقہ اور انسان کے درمیان مشترک ہے۔

(الف) جوہر　(ب) متحرک بالارادہ　(ج) نطق　(د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: جو اپنے افراد کی حقیقت کا ------ ہو اسے کلی ذاتی کہتے ہیں۔

(الف) عین　(ب) جزء　(ج) نہ عین ہو نہ جزء　(د) عین ہو یا جزء

سوال نمبر 10: کلیاتِ خمسہ میں ------ بھی شامل ہے۔

(الف) عرض عام　(ب) بسیط　(ج) عرض عام، خاصہ　(د) تمام مشترک

سوال نمبر 11: "ایّ شیء ھو فی ذاتہ" کے جواب میں کسی شے پر بولی جائے۔

(الف) نوع　(ب) جنس　(ج) فصل　(د) عرض عام

سوال نمبر 12: کلی کا مفہوم حیوان کے لیے ہے۔

(الف) عرضِ عام　(ب) خاصہ　(ج) فصل　(د) جنس

سوال نمبر13: "ھذاالعدد امازوج او فرد" میں کونسی تنافی ہے؟

(الف) تنافی ہے ہی نہیں (ب) تنافی صدقاً وکذباً (ج) صرف صدقاً تنافی (د) صرف کذباً تنافی

سوال نمبر14: قضیہ حملیہ کی اقسام ہیں۔

(الف) موجبہ، شرطیہ (ب) سالبہ، شرطیہ (ج) موجبہ، سالبہ، شرطیہ (د) موجبہ، سالبہ

سوال نمبر15: الانسان والحمار ماھما؟

(الف) جسم نامی (ب) حیوان (ج) متحرک بالارادہ (د) حساس

سوال نمبر16: فرس کہتے ہیں۔

(الف) حیوان مفترس (ب) حیوان صاہل (ج) حیوان ناہج (د) حیوان ناھق

سوال نمبر17: ناطق اور صاہل کا تمام مشترک ہے۔

(الف) کوئی مفہوم مشترک نہیں (ب) حیوان (ج) جسم نامی (د) قابل ابعاد ثلاثہ

سوال نمبر18: "الانسان کاتب" اور " الفرس لیس باسد" میں موضوع ہے۔

(الف) الانسان اور باسد (ب) کاتب اور باسد (ج) کاتب اور الفرس (د) الانسان اور الفرس

سوال نمبر19: جس شے کی نفی کی جاتی ہے منطق کی زبان میں ہے۔

(الف) موضوع (ب) محمول (ج) مفعول بہ (د) تنافی

سوال نمبر20: قضیہ حملیہ کے اجزاء ہیں۔

(الف) موضوع، محمول، اسمائے ظروف (ب) موضوع، محمول، فقط ظرف زمان

(ج) موضوع، محمول، ظرف مکان (د) موضوع، محمول، نسبت تامہ خبریہ

سوال نمبر21: اردو اور فارسی میں نسبت خبریہ ایجابیہ پر دلالت کرتا ہے۔

(الف) ہے اردو میں است فارسی میں (ب) ہے فارسی میں است اردو میں

(ج) فارسی میں ہے اور است (د) اردو میں ہے اور است

سوال نمبر22: "زیدٌ عالم" میں رابطہ ہے۔

(الف) زیدٌ (ب) عالم (ج) رابطہ محذوف ہے (د) دونوں ہی

سوال نمبر23: "قلم زید" کی صورتِ ذہنیہ کیا ہے؟

(الف) تصدیق (ب) تصور (ج) قضیہ حملیہ (د) قضیہ شرطیہ

سوال نمبر24: منطقیوں کے نزدیک خبر کا مفہومِ اصطلاحی ہے۔

(الف) مرکب تام (ب) محتمل للصدق والکذب (ج) مرکب تام محتمل للصدق (د) مرکب تام محتمل للصدق والکذب

سوال نمبر25: قابل ابعاد ثلاثہ ہے۔

(الف) مرکب (ب) بسیط (ج) دونوں ہی (د) تصور

سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ

کنز المدارس بورڈ پاکستان

رول نمبر: ____________

جوابی کاپی نمبر: ____________

درجہ: عالیہ اول | پرچہ: چھٹا | مضمون: المنطق

تاریخ: 02-03-2023 | دن: جمعرات | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: عربی لغت اور منطقیوں کی اصطلاح میں علم سے کیا مراد ہے؟ نیز تحریر فرمائیں کہ دونوں اصطلاحات کا آپس میں کیا تعلق ہے؟

سوال نمبر 2: فصل قریب اور فصل بعید میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 3: نحوی علماء نے کلمہ کی تعریف یوں کی ہے "لفظ موضوع بمعنی مفرد" اس تعریف میں جنس اور فصل کیا ہے؟

سوال نمبر 4: جن دو ماہیتوں میں چند جزء مشترک ہو تو ایسی دو ماہیتوں کا تمام مشترک کیا ہوگا؟ مثال سے سمجھایئے۔

سوال نمبر 5: "جماد" "جوہر" "جسم مطلق" ان کلیوں میں سے کسی دو کلیوں کے افراد لکھیں۔

سوال نمبر 6: ضاحک کے افراد کیا ہیں؟ اور ضاحک اپنے افراد کی حقیقت کا جزء یا نہیں؟

سوال نمبر 7: منقول عرفی اور منقول شرعی میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 8: معنی کے متعدد ہونے کے اعتبار سے مفرد کی اقسام کے نام تحریر کریں۔

سوال نمبر 9: "اگر خالد محنت سے پڑھے گا تو امتحان میں کامیاب ہوگا" "زید خوشخط نہیں" مختصر وضاحت کے ساتھ ان قضایا کی اقسام متعین کریں۔

سوال نمبر 10: محصورات اربعہ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 11: "کوئی فرشتہ گنہگار نہیں" "کچھ طلبہ بیمار ہیں" "اللہ تعالیٰ ہی قابل پرستش ہے" ان قضایا میں محصورہ کی کوئی 2 قسمیں متعین کریں۔

سوال نمبر 12: مانعۃ الجمع اور مانعۃ الخلو میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 13: منتشرۃ مطلقہ کی تعریف و مثال لکھیں۔

سوال نمبر 14: تناقض سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 15: دو قضیوں کے درمیان تناقض پائے جانے کے لیے کتنی وحدتیں شرط ہیں؟ تعداد اور دو کے نام لکھیں۔

سوال نمبر 16: "بعض الفرس ضاحك" "كل فاعل مرفوع" ان قضایا کے نقائض قلم بند کریں۔

سوال نمبر 17: قیاس اقترانی کی اقسام کے نام مع امثلہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 18: سفسطہ کی تعریف و مثال بیان کریں۔

سوال نمبر 19: "الانسان ناطق ولا شيئ من الناطق من حيث هو ناطق فلا شيئ من الانسان بحيوان" اس قیاس میں منشاء غلط کیا ہے؟

سوال نمبر 20: جسم نامی بسیط ہے یا مرکب؟

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: (الف) علم منطق کا تعلق کن علوم سے ہے؟ نیز علم منطق کی تعریف غرض اور موضوع بیان کریں۔

(ب): متصلہ کی تعریف کرتے ہوئے ایجاب و سلب کے اعتبار سے لزومیہ اور اقسامیہ کی اقسام تحریر کریں۔

سوال نمبر 2: کل سے کیا مراد ہے؟ نیز دو کلموں کے درمیان پائی جانے والی نسبت کی اقسام کو تعریفات و امثلہ کے ساتھ قلم بند کریں۔

سوال نمبر 3: قضیہ ضروریہ مطلقہ ممکنہ عامہ اور ممکنہ خاصہ کو زیر بحث لاتے ہوئے مسئلہ امکانِ کذبِ الٰہی کا رد فرمائیں۔

سوال نمبر 4: مادہ کے اعتبار سے قیاس کی اقسام مع تعریفات و امثلہ بیان کریں۔

سوال نمبر 5: ضرورت ذاتی اور ضرورت وصفی کا کیا مطلب ہے؟ نیز منفصلہ کی اقسام مع تعریفات و امثلہ بیان کریں۔